## 3478 ـ كفار كى فوج ميں مسلمان ڈاكٹر كى ملازمت

**سوال**

جنگى حالت كے علاوہ كفار كى فوج ميں مسلمان ڈاكٹر كى ملازمت كا حكم كيا ہے ؟

**پسنديده جواب**

الحمد لله.

ہم نے يہ سوال فضيلة الشيخ محمد بن صالح عثيمين رحمہ اللہ تعالى كے سامنے پيش كيا تو ايك مكالمہ كى صورت بن گئى جس كا خلاصہ پيش خدمت ہے:

ـ الشيخ: پريكٹس كے ليے يا كس كے ليے؟

ـ ڈاكٹر ان كى مريضوں كا علاج كرتا ہے، ليكن يہ حالت جنگ ميں نہيں.

ـ الشيخ: وہ مسلمانوں سے جنگ كى حالت ميں نہيں؟

ـ ممكن ہے كہ آئندہ مستقبل ميں كبھى وہ مسلمانوں سے جنگ كريں.

ـ الشيخ: مستقبل كو مقدم نہيں كيا جاتا، ( يعنى اس پر ہم اعتماد نہيں كرتے اور اسے بنياد نہيں بناتے )

ـ سائل كہتا ہے كہ: ميں وہاں كام كرتا ہوں جہاں فوج مسلمانوں سے نہيں لڑتى، ليكن يہ ممكن ہے كہ كسى اور جگہ كچھ فوجى لڑائى كرتے ہوں، اور يہ بھى ممكن ہے كہ وہ مستقبل ميں ہمارے ساتھ بھى جنگ كريں، ليكن جس فوجى اڈے ميں اس وقت ميں ملازم ہوں وہ مسلمانوں سے جنگ نہيں كر رہے؟

ـ الشيخ: ليكن كيا يہ امت ( جو فوج ميں شامل ہے ) ان ميں سے ہے جو مسلمانوں سے جنگ كرتے ہيں؟

ـ سائل امريكى فوج ميں ملازم ہے، مسلمان امريكا ميں ملازم ہے؟

ـ الشيخ: اللہ تعالى تو فرما رہا ہے كہ:

اللہ تعالى تمہيں ان لوگوں سے منع نہيں كرتا جو تمہارے ساتھ دين ميں لڑائى نہيں كرتے، اور نہ ہى انہوں نے تمہيں تمہارے گھروں سے نكالا ہے، كہ تم ان سے نيكى و احسان كرو، بلا شبہ اللہ تعالى انصاف كرنے والوں سے محبت

کرتا ہے.

لھذا جب انہوں نے ہمیں گھروں سے نکالا تو نہیں لیکن انہوں نے ہمیں وہاں سے نکالنے میں مدد و تعاون تو کیا ہے.

اس کے بعد والی آیت میں فرمان باری تعالی ہے:

اللہ تعالی تو تمہیں ان لوگوں سے روکتا ہے کہ تم ان لوگوں سے دوستی مت لگاؤ جنہوں نے تمہارے ساتھ دین میں لڑائی کی اور تمہیں تمہارے گھروں سے نکالا، اور تمہیں نکالنے میں ( دوسروں کی ) مدد و تعاون کیا.

ـ لھذا جب اسے یہ ثابت ہو جائے کہ ان لوگوں نے مثلا ہمیں نکالنے میں ہمارے خلاف کسی دوسرے کی مدد کی ہے تو کیا اجرت لے کر کام کرنا آیت میں بیان کردہ نیکی و احسان میں داخل ہو گا؟

ـ الشیخ: یقینا یہ نیکی و احسان میں شامل ہے اس میں کوئی شك و شبہ والی بات ہی کوئی نہیں.

ـ حتی کہ اگر اجرت لے کر بھی کام کرے نہ کہ ویسے ہے؟

ـ الشیخ: جی ہاں، لیکن اس میں انہیں نفع دینا ہے.

ـ جواب کا خلاصہ کیا ہے ؟

ـ الشیخ: یہ جائز نہیں ہے، لیکن اگر یہ امت جن کی فوج میں ملازمت کی جارہی ہے وہ مسلمانوں سے جنگ نہ کرتی ہو.

ـ اور نہ ہی انہیں نکالتی ہو، اور نہ ہی انہیں نکالنے میں دوسروں کی مدد کرتی ہو ؟

ـ الشیخ: جی ہاں. اھ

واللہ تعالی اعلم .